# اشارات



| | | |
|---|---|---|
| آب - پانی | خانمِ آموزگار - استانی | |
| شِیر - دودھ | سبد - ٹوکری | ما - ہم/ہمارا |
| خر - گدھا | تار - جالا | باد - ہوا |
| نان - روٹی | عنکبوت - مکڑی | مشرق - پورب |
| گندم -گیہوں | دندان - دانت | مغرب - پچھّم |
| پسر - لڑکا | آہو - ہرن | شمال - اتر |
| خواہر - بہن | من - میں/میرا | جنوب - دکھن |
| زنگ - گھنٹی | ش - اسکا | |
| خاک - مٹی | ت - تیرا | |
| لانہ - گھونسلہ | م - میرا | |
| دختر - لڑکی/بیٹی | خانہ - گھر | |



# تمرین

۱ خالی جگہوں کو مناسب مضاف الیہ سے پُر کیجیے۔ جیسے :- شیرِ دشمنِ آہواست ۔

(i) گربہ دشمنِ ..................است (ii) سگ دشمنِ ..................است(iii) ایں کتاب..................است

(iv) آں خانۂ .................. است (v) ایں سبدِ .................. است

۲ مندرجہ ذیل الفاظ سے پہلے مناسب مضاف لکھیے جیسے سگِ کلیم (کلیم کا کتا)

.................. حلیمہ ..................نسیمہ.................. ات .................. ش

.................. ام .................. م .................. ت

۳ فارسی میں کہیے:-

| | |
|---|---|
| صبح کی نماز.................. | خدا کا کلام .................. |
| تیری بہن .................. | احمد کا لب .................. |
| میری ماں .................. | میرا قلم .................. |
| دریا کا پانی .................. | تیری تختی .................. |
| اس کی نماز .................. | طور کا پہاڑ .................. |

# راہنمائی

مضاف:-جس لفظ کی نسبت دوسرے کی طرف کی جایے اسے مضاف کہتے ہیں۔

مضاف الیہ:-کسی شخص یا چیز کی طرف جس کی نسبت کی جایے وہ مضاف الیہ ہے۔

جیسے ''آبِ دریا'' میں ''آب'' مضاف اور ''دریا'' مضاف الیہ ہے۔ واضح ہو کہ فارسی میں پہلے مضاف اور بعد میں مضاف الیہ آتا ہے۔ جبکہ اردو میں اس کے برعکس ہے۔